# 10111 ـ ایسے مکان میں نماز ادا کرنا جس کے نیچے سے سیورج گزرتا ہو

**سوال**

ایك شخص کے پاس ایك کمرہ ہے جس میں دینی لائبریری ہے جس میں قرآن مجید اور دوسری کتابیں بھی ہیں، لیکن اس کمرہ کے نیچے سے گٹر کا گندہ پانی گزرتا ہے، تو کیا اس میں نماز اور تلاوت قرآن جائز ہے یا نہیں ؟
معلومات فراہم کریں اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے.

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جب یہ علیحدہ اور منفصل ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں، امام موفق رحمہ اللہ تعالی صاحب مغنی اور الشرح الکبیر والے نے ذکر کیا ہے کہ:

گندے کنویں کے اوپر کی سطح کا استعمال جائز ہے، جبکہ وہ نیچے ہو اور اس کے اوپر سطح ہو، نماز تو لیٹرینوں اور حماموں میں منع ہے، لیکن اس کی چھت جیسا کہ ہم نے کہا ہے کہ وہاں نماز اور قرآن مجید کی تلاوت کرنا جائز ہے.

اگر چہ بعض علماء کرام عدم جواز کے قائل ہے، لیکن ان شاء اللہ صحیح یہی ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں .